# Textile exporters hold Dar responsible for industrial sector's financial crisis

ANWAR KHAN

KARACHI: Textile exporters on Wednesday held the Federal Finance Minister, Ishaq Dar, responsible for the industrial sector's financial crisis, saying a total Rs205.76 billion of value-added textile exporters are held up by the government.

"The government still withholds Rs13.17 billion under DLTL claims and Rs17 billion sales tax under refund claims," Pakistan Apparel Forum's Chairman Muhammad Javed Bilwani told newsmen at a press conference held here at PHMA House. Heads of different textile associations also spoke on the occasion.

He urged the government to allocate the export development fund to the Textile Ministry so that the fund could be utilised for development of export.

Pointing out that the textile sector's contribution to EDF stood at Rs11.50 billion, he demanded of the government to immediately announce a new textile policy and the outstanding dues, amounting to Rs205.76bn, must be included in it.

He regretted that although the PML-N government had assured the textile exporters last August that their outstanding dues will be settled soon, no concrete measures have, so far, been taken in this regard.

"Imports and exports cannot take place without banking channels and needs documentations," he said, adding that the government should declare zero-rate duty for export-oriented sector.

He said the government has failed to announce textile policy despite falling textile export and growth.

Council of All Pakistan Textiles Association's Chairman Muhammad Zubair Motiwala deplored that textile sector's manufacturing has declined by 55 per cent owing to continuing financial crunch.

He said that the sector's production could grow by over 80pc provided stuck up funds were released immediately.

He said that the country has failed to improve its textile exports despite getting the status of GSP plus and in support of his contention he claimed: "The textile export fell by six per cent last month."

India, he said, had provided full support to its textile sector, giving financial incentives and discount on the import of machinery so that the country could compete with Pakistani goods in the international markets.

"India gave right-left incentives to its industry after Pakistan got the status of GSP plus," he said and demanded of the government to increase monetary support to the ailing sector.

He urged the government to form a committee of its choice to make cost of business analysis among all the competing countries of Pakistan and mention the incentive-related recommendations in the textile policy.

He also demanded of the government to provide gas to manufacturing units at lower rates so that they could compete globally.

At the outset, Motiwala gave a comparative analysis of Pakistan's textile output with other competing nations.

Dr Mirza Ikhtiar Baig said that the proposed textile policy would yield no positive results for the ailing sector if the government did not equip it with full financial support to help undertake all the schemes.

The last textile policy had failed to find any financial support after its implementation for more than one-and-half year, he said, adding that the finance ministry should allocate funds to execute the policy on a yearly and exclusive basis. "Otherwise the textile policy will prove be an exercise in futile," he opined.

He deplored that although prime minister and commerce minister had admitted that the industry's 80 per cent problems were related to the financial backlogs, the finance minister did not take measures to release the entire withheld amount to the exporters.

Out of Rs188 billion under the textile policy, the last government released only Rs28 billion to execute the proposed schemes, he said, adding that the proposed projects would still need a proper supply of funds.

Mehtab Chawla urged the government to come out of slumber and take notice of the economic war unleashed by India against Pakistan.

He said that the textile sector could not grow in the absence of gas and finances. He warned that India would take away all global textile contracts from Pakistan if the government failed to improve the situation.

Pakistan Hosiery Manufactures & Exporters Association
37-H BLOCK-6 P.E.C.H.S. KARACHI

Page-NO-11

# Textile producers blame govt for fast shrinking industry

## Criticise persistent delay in announcement of 5-year policy

OUR CORRESPONDENT
KARACHI

With each passing day, the delay in the textile policy is preventing the sector from producing effectively and the dejected millers have not missed an opportunity to raise their voice.

The value-added textile sector on Wednesday hit out at the government for its failure to announce the policy, saying the indifference has proved detrimental for the industry.

Speaking at a press conference at the Pakistan Hosiery Manufacturers Association (PHMA) House here, representatives of different value-added textile associations said despite being seven months into the current fiscal year the policy is not in sight.

"The government is mainly responsible for the fast shrinking textile industry over the last few years as it has failed in supporting the industry with an effective textile policy," Pakistan Apparel Forum Chairman Jawed Bilwani said.

The impending policy was not the only concern for the millers, they also voiced resentment over their low input in the upcoming policy.

"The industry was on board when the previous government formulated the textile policy 2009-2014," one of the industry players said. "But this time, the industry has serious reservations about many of the proposals of the upcoming policy."

"We know for a fact that the new policy will also fail to achieve the desired results, unless the all-important finance ministry allocates funds and then release them for the industry," said Mirza Ikhtiar Baig, a leading denim producer.

According to Baig, the main reason why the previous textile policy failed to achieve results was the suspension of funds within the first two years that were allocated to the industry.



" Owing to low value addition, today Pakistan comes last in the list of top textile exporting countries

Council of All Pakistan Textiles Association Chairman
**M Zubair Motiwala**

The representatives said out of total funds of Rs188.6 billion allocated under the previous policy, only Rs28.34 billion was released and Rs160.26 billion is still awaited to be released. The government has also not released Rs13.17 billion of value added textile exporters under different claims.

Some proposed that the government should immediately announce the textile policy 2014-2019 and include their suggestions later. Council of All Pakistan Textiles Association Chairman M Zubair Motiwala said, "owing to low value addition, today Pakistan comes last in the list of top textile exporting countries."

Towel Manufacturers Association Chairman Mehtabuddin Chawla added India has emerged as a leading textile exporter in recent months. "It will be hard for our exporters to compete if we failed to act immediately," he said.

Additionally, APTMA Sindh Balochistan Region Chairman Tariq Saud aired concern over the delay in approval of the much-awaited textile policy.

In a statement, Saud said inordinate delay in the approval of the new textile policy is depriving the sector of its due benefits, besides causing uncertainty and apprehension.

Pakistan Hosiery Manufactures & Exporters Association ★ 37-H BLOCK-6 P.E.C.H.S. KARACHI

روزنامہ جنگ کراچی جمعرات 29 جنوری 2015ء

ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل

# نمائندہ تنظیموں کا سابقہ ٹیکسٹائل پالیسی کے اعلان کا مطالبہ

## نئی مجوزہ ٹیکسٹائل پالیسی کا مسودہ گزشتہ 7 ماہ سے منصوبہ بندی کمیشن کے پاس زیر التوا ہے، جاوید بلوانی

**205 ارب روپے کا سرمایہ حکومت کے پھنسا ہوا ہے، مہتاب چاؤلہ، صنعتی شعبے کو آخری درجہ میں رکھا گیا، زبیر موتی والا اور دیگر کی پریس کانفرنس**

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کی نمائندہ تنظیموں نے سابقہ ٹیکسٹائل پالیسی کا ہی اعلان کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے، یہ مطالبہ بدھ کو پی ایچ ایم اے ہاؤس میں بدھ کو پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین محمد جاوید بلوانی، کونسل آف آل پاکستان ٹیکسٹائلز ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد زبیر موتی والا، ٹاولز مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے چیئرمین مہتاب الدین چاؤلہ، پاکستان ڈینم مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ، پی ایچ ایم اے کے چیئرمین محمد بابر خان، پاکستان کاٹن فیشن اپیرل ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین شہزاد ارشد، پاکستان نٹ ویئر اینڈ سویٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین رفیق گوڈیل، پاکستان ریڈی میڈ گارمنٹس مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے چیئرمین جاوید سلیمان، آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد یاسین عیسٰی، پاکستان بیڈ ویئر ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے سابق چیئرمین نقی باڑی، خواجہ عثمان، ارشد عزیز اور محمد شفیع نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا، پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین جاوید بلوانی نے کہا کہ سابقہ ٹیکسٹائل پالیسی اعلان کے بعد ڈیڑھ سال میں ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کی برآمدات میں 35 فیصد کا اضافہ ہوا تھا کیونکہ اس مدت میں پالیسی کے تحت مجموعی طور پر 188.60 ارب روپے کی مختص کردہ فنڈ میں سے 28.34 ارب روپے کا اجرا کیا گیا تھا لیکن بعدازاں وفاقی حکومت کی جانب سے پالیسی کے تحت باقی ماندہ 160.26 ارب روپے کی ادائیگیاں نہیں کی گئیں جسکی وجہ سے پالیسی کے مطلوبہ نتائج برآمد نہ ہوسکے لہٰذا حکومت کو چاہیے کہ وہ وزارت ٹیکسٹائل کو بااختیار بنانے کے ساتھ سابقہ ٹیکسٹائل پالیسی کو ہی باقی ماندہ فنڈز کے ساتھ فی الفور اعلان کرے کیونکہ نئی مجوزہ ٹیکسٹائل پالیسی کا مسودہ گزشتہ 7 ماہ سے منصوبہ بندی کمیشن کے پاس زیر التوا ہے اور اس نئی پالیسی کی تیاری میں ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے ساتھ کوئی مشاورت بھی نہیں کی گئی ہے، انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ سابقہ ٹیکسٹائل پالیسی کے تحت باقی ماندہ 160.26 روپے کے فنڈ کو بجٹ کا حصہ بنائے تاکہ پالیسی کے مطلوبہ نتائج کے حصول کو یقینی بنانے کے لیے فنڈز کا اجرا بھی یقینی ہوسکے، اسی طرح وفاقی وزارت ٹیکسٹائل کو ایس آر اوز کے اجرا کا بھی اختیار دیا جائے، ٹی ایم اے کے چیئرمین مہتاب الدین چاؤلہ نے کہا کہ ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے سیلز ٹیکس اور ڈی ایل ٹی ایل کی مد میں مجموعی طور پر 205 ارب روپے کا سرمایہ حکومت کے پھنسا ہوا ہے، وفاقی وزیر خزانہ کی جانب سے 30 اگست 2014 تک تمام ریفنڈز ادا کرنے کے وعدے پر تاحال عمل درآمد نہ ہونے کی وجہ سے ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے نمائندے اب ایف بی آر حکام کے وعدوں پر بھی یقین نہیں رکھتے ہیں، ڈاکٹر ارشد نے کہا کہ ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر پہلے ہی بجلی، گیس اور پانی کے بحران کے علاوہ بدامنی کی زد میں ہے جبکہ وفاقی حکومت نے بھی مختلف ریفنڈز کی مد میں اربوں روپے کا سرمایہ روکا ہوا ہے لہٰذا ان حالات میں برآمدات میں اضافہ یا مقررہ مدت میں برآمدی آرڈرز کی تکمیل کس طرح ممکن ہے۔ کونسل آف آل پاکستان ٹیکسٹائلز ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد زبیر موتی والا نے کہا کہ پاکستان کے حریف ملک بھارت میں صنعتی شعبے کو ترجیحی بنیادوں پر گیس فراہم کی جارہی ہے جبکہ پاکستان میں صنعتی شعبے کو آخری درجہ میں رکھا گیا ہے، بھارت میں اپ گریڈیشن کے لیے صنعتوں کو 30 فیصد ایکویٹی فراہم کی جارہی ہے اور نئی ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے جدید مشینری پر فی کلو 75 روپے کا ریبیٹ بھی دیا جارہا ہے یہی وجہ ہے کہ بھارت میں ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری میں تیز رفتاری کے ساتھ توسیع ہورہی ہے کیونکہ عالمی مارکیٹ میں بھارت اب چین کی جگہ حاصل کرنے کی تیز رفتار کوششیں کررہا ہے، ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے کہا کہ موجودہ حکومت کو 7 ماہ پہلے ہی نئی ٹیکسٹائل پالیسی کا اعلان کرنا چاہیے تھا لیکن اب اگر ٹیکسٹائل پالیسی کا اعلان کرنا ہے تو پالیسی پر عمل درآمد کے لیے مقررہ رقم کو بجٹ کا حصہ بھی بنانا ضروری ہوگا بصورت دیگر حکومت ٹیکسٹائل پالیسی کا اعلان ترک کردے، پاکستان نٹ ویئر اینڈ سویٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین رفیق گوڈیل نے کہا کہ حکومت کو ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل مصنوعات برآمد کرنے والے دنیا کے تمام ممالک میں صنعتی پیداوار کی لاگت کا تفصیلی جائزہ لینے اور دنیا کے بدلتے ہوئے رجحانات کو مدنظر رکھ کر ٹیکسٹائل پالیسی مرتب کرنے کی ضرورت ہے۔

روزنامہ ایکسپریس، کراچی۔ جمعرات، 29 جنوری، 2015ء

# حکومت وزیر ٹیکسٹائل کو اختیارات دے، ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر

**نئی پالیسی ممکن نہیں تو پرانی جاری اور اس کے 160 ارب فنڈ کو بجٹ کا حصہ بنایا جائے**

## وزیر خزانہ کے 30 اگست تک ریفنڈز کے وعدے پر عمل نہ ہوا، اب ایف بی آر پر بھی یقین نہیں

**جاوید بلوانی، زبیر موتی والا، مہتاب چاؤلہ، اختیار بیگ، بابر خان و دیگر کی پریس کانفرنس**

کراچی (بزنس رپورٹر) بھارت نے پاکستان کے خلاف غیر اعلانیہ اقتصادی جنگ کا آغاز کر دیا ہے جبکہ پاکستان میں وزیر ٹیکسٹائل سمیت دیگر وفاقی وزرا بے اختیار ہیں، یہی وجہ ہے کہ منصوبہ بندی کمیشن کے پاس 7 ماہ سے نئی ٹیکسٹائل پالیسی سرد خانے میں ہے جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ موجودہ حکومت صنعتی ترقی اور برآمدات کے فروغ میں کس قدر دلچسپی رکھتی ہے کہ 7 ماہ سے حکومت کی اہم وزارت بغیر پالیسی چلائی جارہی ہے۔ یہ بات بدھ کو پی ایچ ایم اے ہاؤس میں مختلف ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کی تنظیموں کے چیئرمین محمد جاوید بلوانی، محمد زبیر موتی والا، مہتاب الدین چاؤلہ، ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ، محمد بابر خان، شہزاد ارشد، رفیق گوڈیل، جاوید سلیمان، محمد یاسین عیسٰی، نقی باڑی، خواجہ عثمان، ارشد عزیز اور محمد شفیع نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کہی۔ ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے نمائندوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ زیر التوا مجوزہ ٹیکسٹائل پالیسی کے بجائے سابقہ پالیسی کو ہی باقی ماندہ فنڈز کے ساتھ جاری رکھنے کا اعلان کردے۔ جاوید بلوانی نے کہا کہ سابقہ ٹیکسٹائل پالیسی کے تحت مجموعی طور پر 188.60 ارب روپے کے مختص فنڈز میں سے صرف 28.34 ارب روپے کا اجرا کیا گیا تھا اور باقی 160.26 ارب روپے کی ادائیگیاں نہیں کی گئیں جس کی وجہ سے پالیسی کے مطلوبہ نتائج برآمد نہ ہوسکے لہٰذا حکومت کو چاہیے کہ وہ وزارت ٹیکسٹائل کو بااختیار بنانے کے ساتھ سابقہ ٹیکسٹائل پالیسی کا ہی باقی ماندہ فنڈز کے ساتھ فی الفور اعلان کردے کیونکہ نئی مجوزہ ٹیکسٹائل پالیسی کا مسودہ 7 ماہ سے منصوبہ بندی کمیشن کے پاس زیر التوا ہے اور اس پالیسی کی تیاری میں ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے ساتھ مشاورت بھی نہیں کی گئی۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ سابقہ ٹیکسٹائل پالیسی کے باقی 160.26 روپے کے فنڈ کو بجٹ کا حصہ بنائے، اسی طرح وفاقی وزارت ٹیکسٹائل کو ایس آر اوز کے اجرا کا بھی اختیار دیا جائے۔ مہتاب الدین چاؤلہ نے کہا کہ ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے سیلز ٹیکس اور ڈی ایل ٹی ایل کی مد میں 205 ارب روپے کا سرمایہ حکومت کے پھنسا ہوا ہے، وفاقی وزیر خزانہ کی جانب سے 30 اگست 2014 تک تمام ریفنڈز ادا کرنے کے وعدے پر تاحال عملدرآمد نہ ہونے کی وجہ سے ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے نمائندے اب ایف بی آر حکام کے وعدوں پر بھی یقین نہیں کرتے، ان حالات میں برآمدات میں اضافہ یا مقررہ مدت میں برآمدی آرڈرز کی تکمیل کس طرح ممکن ہے، اہم حریف ملک بھارت نے پاکستان کے خلاف غیر اعلانیہ طور پر اقتصادی جنگ کا آغاز کر دیا ہے، مختلف مراعات کے باعث بھارتی ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری تیزی سے ترقی کر رہی ہے تاہم حکومت کے طرز عمل اور حریف ممالک کی جنگی بنیادوں پر آگے بڑھنے کی تیاری سے محسوس ہوتا ہے کہ پاکستان میں ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری کا مستقبل تاریک ہے۔ اختیار بیگ نے کہا کہ محسوس ہوتا ہے کہ صرف وفاقی وزیر خزانہ ہی بااختیار وزیر ہیں جن کے دیگر وزارتوں کے ساتھ عدم تعاون سے معاملات بگڑ رہے ہیں۔

Pakistan Hosiery Manufactures & Exporters Association
37-H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

روزنامہ نئی بات (14) 29 جنوری 2015ء



پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین محمد جاوید بلوانی پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں
محمد زبیر موتی والا، مہتاب الدین چاؤلہ، ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ، اور دیگر بھی موجود ہیں

# کلیمز کی عدم ادائیگی سے ٹیکسٹائل سیکٹر کا مستقبل تاریک ہوگیا

## نئی ٹیکسٹائل پالیسی کے بجائے 160.26 ارب روپے کے فنڈز کا اجراء کیا جائے، جاوید بلوانی ودیگر

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان کو سب سے زیادہ زرمبادلہ کما کر دینے والے ویلیو ایڈڈ سیکٹر ٹیکسٹائل سیکٹر نے وزارت خزانہ کی جانب سے سیلز ٹیکس ریفنڈز اور کسٹم ری بیٹس کی مد میں جمع کرائے گئے کلیمز کی ادائیگی نہ ہونے پر پاکستان میں ٹیکسٹائل سیکٹر کے مستقبل کو تاریک قرار دے دیا ہے اس کے ساتھ ہی ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کی نمائندہ تنظیموں نے 7 ماہ سے زیر التواء نئی ٹیکسٹائل پالیسی کے اعلان کی بجائے باقی ماندہ 160.26 ارب روپے کے فنڈز کے اجرا سمیت سابقہ ٹیکسٹائل پالیسی کا ہی اعلان کرنے کا مطالبہ کردیا۔ یہ مطالبہ بدھ کو پی ایچ ایم اے ہاؤس میں بدھ کو پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین محمد جاوید بلوانی، کونسل آف آل پاکستان ٹیکسٹائلز ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد زبیر موتی والا، ٹاولز مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے چیئرمین مہتاب الدین چاؤلہ، پاکستان ڈینم مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ، پی ایچ ایم اے کے چیئرمین محمد بابر خان، پاکستان کاٹن فیشن اپیرل ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ڈاکٹر شہزاد ارشد، پاکستان نٹ ویئر اینڈ سویٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین رفیق گوڈیل، پاکستان ریڈی میڈ گارمینٹس مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے چیئرمین جاوید سلیمان، آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد یاسین عیسیٰ، پاکستان بیڈ ویئر ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے سابق چیئرمین نقی باڑی، خواجہ عثمان، کامران چاندنہ، ارشد عزیز اور محمد شفیع نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کہی۔ صنعتکاروں اور ایکسپورٹرز کا کہنا تھا کہ آئندہ ٹیکسٹائل پالیسی میں سالانہ بنیادوں پر فنڈز ریلیز کیے جائیں اور اگر ایسا نہ ہوا تو پہلی پانچ سالہ ٹیکسٹائل پالیسی کی طرح متوقع نئی پالیسی بھی فیل ہونے کا خدشہ ہے۔

Pakistan Hosiery Manufactures & Exporters Association ★
37-H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI